F.6-4 (Edit)/2022 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:26/01/2022

ہندوستانی آئین تمام شہریوں کو مساوی حقوق فراہم کرتا ہے: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

73ویں یومِ جمہوریہ کی مناسبت سے قومی اردو کونسل میں پرچم کشائی کی تقریب

نئی دہلی: 73ویں یوم جمہوریہ کی مناسبت سے آج قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے صدر دفتر میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر قومی اردو کونسل کے ڈائریکٹر پروفیسر شیخ عقیل احمد نے ہندوستانی جمہوریت کے امتیازات اور خوبیوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ ہندوستان دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے اور ہمیں اس پر فخر ہے۔ شیخ عقیل احمد نے مزید کہا کہ اس سال خاص بات یہ رہی کہ آزاد ہند فوج کے راہنما اور عظیم مجاہدِ آزادی سبھاش چندر بوس کا یومِ پیدائش نہایت تزک و احتشام سے منایا گیا اور وزیر اعظم عزت مآب نریندر مودی نے سبھاش چندر بوس کے ہولوگرام مجسمے کی نقاب کشائی کی اور ملک کے تئیں ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے احسانات اور عظیم کردار کو یاد کیا۔ شیخ عقیل نے کہا کہ سبھاش چندر بوس ہماری تاریخ آزادی کا ایک نمایاں نام ہیں، جن کی خدمات کا حکومتِ ہند ان کے شایانِ شان اعتراف کر رہی ہے۔ شیخ عقیل نے اس موقعے پر ملک کے تحفظ میں ہندوستانی افواج کی شجاعت، بہادری اور ایثار و قربانی کا خصوصی طور پر ذکر کیا اور کہا کہ انھی کی قربانیوں کی وجہ سے ہمارا ملک محفوظ ہے اور جب بھی ضرورت پڑی ہے انھوں نے اس ملک کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مودی حکومت نے ہمارے ان جوانوں کی بے مثال قربانیوں کا بھی بخوبی اعتراف کیا ہے، جنھوں نے آزادی کے بعد مختلف جنگوں میں اپنی بہادری کے جوہر دکھائے اور ملک کو عزت و فتح مندی سے ہمکنار کیا، انھی کی یادگار میں انڈیا گیٹ پر نیشنل وار میموریل بنایا گیا ہے جہاں 1947 سے لے کر اب تک شہید ہونے والے ہزاروں فوجیوں کے نام کندہ ہیں اور پرم ویر چکر ایوارڈ یافتہ جوانوں کے مجسمے بھی بنائے گئے ہیں۔ حکومت نے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے امر جوان جیوتی کی مشعل کو وار میموریل مشعل میں ملا کر تمام مجاہدین اور فوجیوں کی قربانیوں کو بہترین خراج پیش کیا ہے اور اس طرح ملک کی حفاظت میں غیر معمولی کردار ادا کرنے والے تمام جوانوں کے نام کی یہ مشعل ایک ہی جگہ جلتی رہے گی اور ان کی یاد دلاتی رہے گی۔

شیخ عقیل نے کہا کہ دستورِ ہند ملک کی فلاح و ترقی کے لیے مل جل کر جدوجہد کرنے اور اپنے حقوق کے ساتھ اپنی ذمے داریاں انجام دینے کی تلقین کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ دستورِ ہند میں تمام ہندوستانی زبانوں کے تحفظ و فروغ کی ضمانت دی گئی ہے اور مودی حکومت نے اسی پر عمل کرتے ہوئے نئی قومی تعلیمی پالیسی میں تمام مادری زبانوں کی تعلیم و تحفظ پر زور دیا ہے۔ اس پالیسی میں دیگر زبانوں کے ساتھ اردو زبان کے فروغ پر بھی خاص طور پر توجہ دی گئی ہے اور اس کی تعلیم و تحفظ کی بھرپور حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ شیخ عقیل نے تمام اردو والوں سے اپیل کی کہ اردو کے فروغ کے تئیں سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حکومت کی طرف سے فراہم کیے گئے مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ پرچم کشائی کی اس تقریب میں کونسل کے تمام اسٹاف موجود رہے۔

(رابطہ عامہ سیل)